مسئلہ: محترم مفتی جناب صاحب جامعہ اشرفیہ لاہور، کیا اگر بہن شادی شدہ ہے تو بھائی اس کو زکوۃ دے سکتا ہے یا نہیں؟ زکوۃ دینے میں اس کے شوہر کے غریب اور امیر ہونے کا اعتبار ہے کہ نہیں؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب حامداو مصلیاو مسلما

واضح رہے کہ بہن اگر فقیر ہو (صاحب نصاب نہ ہو) اس کو زکوۃ دینا جائز ہے، اس میں شوہر کے غریب یا امیر ہونے کا اعتبار نہیں ہے۔

"ویدفع الی امرءة غنی اذا کانت فقیرة وکذا الی البنت الکبیرة اذاکان ابوہا غنیا لان قدر النفقة لایغنیہا ویغنی الاب والزوج لاتعد غنیة کذا فی الکافی" ... (الھندیة : ١ / ١٨٩)

"وقید بعبدہ وطفلہ لان الدفع الی اب الغنی وزوجتہ جائز سواء فرض لہا نفقة اولا" (البحرالرائق : ٢ / ٢٢٩)۔واللہ تعالی اعلم بالصواب

ڈاکٹر امجد علی عفی عنہ

دار الافتاء جامعہ اشرفیہ لاہور

١٦ ربیع الاول ١٤٤٥ 03 اکتوبر 2023

الجواب صحیح
محمد زکریا
١٦ / ٣ / ١٤٤٥ھ

الجواب صحیح
محمد [illegible]
13 اکتوبر 2023
١٦ ربیع الاول ١٤٤٥

دار الافتاء
رقم الافتاء: 158/149
التاریخ: 3/10/23
الجامعة الاشرفیة